Zarai Taraqiati Bank Ltd.

Public Relations & Media Services Department

Head Office, P.O Box No.1400, Islamabad

Tel.9252681, Fax:9252682

پریس ریلیز

اسلام آباد: 04**جنوری** 2018

سیدطلعت محمودصدرزرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈکمپیوٹرائزڈحج2018 کی قرعہ اندازی کرتے ہوئے

زرعی ترقیاتی بینک لمیٹڈ(ZTBL) کے(23) ملازمین اس سال حج کی سعادت حاصل کرینگے۔ بینک کے صدر سید طلعت محمود نے بینک کے ہیڈ آفس میں کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کا افتتاح کیا۔ یادرہے کہ بینک اپنی مدد آپ کے تحت ہر سال بذریعہ قرعہ اندازی اپنے ملازمین کو فریضہ حج کی ادائیگی کیلئے بھیجتا ہے۔

صدر نے کامیاب ملازمین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ وہ خوش نصیب ہیں کہ انہیں یہ سعادت نصیب ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ خوش قسمت ملازمین اس مبارک موقع پر ملک وقوم اورادارے کی ترقی وخوشحالی کیلئے خصوصاً دعا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حج کی اصل روح یہ ہے کہ حاجی خدااور مخلوق خدا کے حقوق کی کما حقہ ادائیگی کا عزم کرے۔

قرعہ اندازی کے ذریعے حج 2018 کیلئے جن بینک ملازمین کے ناموں کا اعلان کیا گیا ان میں غضنفر علی (وائس پریذیڈنٹ)، محمد زمان کھوسہ (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، نور علی خواجہ (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ) نصراللہ (ٹائپسٹ)، عبدالماجد جاوید (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، محمد عمر (نائب قاصد)، محمد رفیق (آفیسر گریڈ ٹو)، محمد اسحٰق (آفیسر گریڈ ٹو)، دل نواز خان (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، محسن خورشید (آفیسر گریڈ ٹو)، حسن محمود (آفیسر گریڈ تھری)، صادق اللہ (ڈرائیور)، محمد نعیم صدیقی (سینئر وائس پریذیڈنٹ)، غلام رضا خان (وائس پریذیڈنٹ)، ریاض احمد (وائس پریذیڈنٹ)، محمد عباس علی (وائس پریذیڈنٹ)، محمد ماجد یار (آفیسر گریڈ تھری)، سید سجاد حسن (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ)، رب نواز (اسسٹنٹ وائس پریذیڈنٹ) اور کسان سپورٹ سروسز کے 4 ملازمین زکیہ پروین (لیڈی آفس اٹنڈنٹ)، محمد ارشد (سیکورٹی گارڈ)، مس مصباح ملک (ٹائپسٹ)، سہیل حسن (کمپیوٹر ہینڈلر) شامل ہیں۔

(سعد ضیاء)

انچارج (تعلقات عامہ)